سوال

(298) جنبی قرآن مجید کی تلاوت نہیں کر سکتا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جنبی زبانی قرآن مجید کی تلاوت کر سکتا ہے۔ اور اگر تلاوت کرنا جائز نہیں تو کیا وہ تلاوت کو سن سکتا ہے۔؟ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنبی کے لئے غسل کئے بغیر قرآن مجید سے دیکھ کر یا زبانی تلاوت کرنا جائز نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ :

«انه کان لا یحجزہ شیئ عن القرآن الا الجنابة» (سنن ابن ماجہ)

''جنابت کے سوا اور کوئی چیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن مجید کی تلاوت سے نہیں روکتی تھی۔''

ہاں البتہ جنبی کے لئے قرآن مجید کی تلاوت سننے میں کوئی حرج نہیں بلکہ اس کے لئے یہ مستحب ہے۔ کیونکہ اس میں بہت فائدہ ہے۔ ہاں البتہ وہ قرآن کو ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ دیکھ کر قرآن مجید پڑھ نہیں سکتا۔ واللہ ولی التوفیق! (شیخ ابن بازؒ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد 1

صفحہ نمبر 299

محدث فتویٰ